# حاملہ عورت کے لئے تیز HIV معائنہ



**اپنے بچے کو محفوظ رکھیں**

巴基斯坦文 Urdu

## مزید معلومات کے لئے:

**AIDS ہاٹ لائن: 2780 2211**
**ویب سائٹ: www.aids.gov.hk**


**ریڈ ربن سینٹر – UNAIDS کولیبوریٹنگ سینٹر فار ٹیکنیکل سپورٹ**
**(Red Ribbon Centre – UNAIDS Collaborating Centre for Technical Support)**
پتہ: 2/F., Wang Tau Hom Jockey Club Clinic,
200 Junction Road East,
Kowloon, Hong Kong
ٹیلیفون: (852) 3143 7200
فیکس: (852) 2338 0534
ای میل: rrc@dh.gov.hk


- عام عمل یہ ہے کہ بچے میں HIV کی منتقلی کو روکنے کے لئے جتنی جلد ممکن ہو زبانی اور رگ کے اندر ART کا بندوبست کیا جائے۔
- ڈاکٹر ایک ایسی تولیدی کارروائی پر غور کرے گا جو HIV منتقلی کے خطرے کو کم کرسکے۔
- پیدائش کے بعد ماں کے دودھ کی سختی سے ممانعت کی جاتی ہے۔
- پیچیدگیوں کی قبل از وقت شناخت اور روک تھام کے مقصد سے، بچے کو مسلسل زبانی ART دیتے رہنا چاہئے اور پیدائش کے بعد کئی ہفتوں تک بچے کی نگہداشت کے ماہر کی مدد لینی چاہئے۔
- جب بیماری کی تصدیق ہوجائے تو، بچے کی صحت کی اصلاح کے لئے اسے مناسب علاج فراہم کیا جائے گا اور اس کے بعد نگہداشت فراہم کی جائے گی۔

اپنے بچے کی حفاظت کے لئے برائے مہربانی جانچ کرائیں۔

اگر آپ تیز HIV معائنہ اور AIDS کے بارے میں مزید سوالات کرنا چاہتے ہیں تو، برائے مہربانی اپنے ڈاکٹر یا نرس سے بات کریں۔
آپ 2780 2211 پر AIDS ہاٹ لائن کے ذریعہ ہمارے مشیر سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔


تیز HIV معائنہ کا عالمی قبل پیدائش HIV معائنہ کے پروگرام سے تعارف

## تیز HIV منفی (-ve) نتیجہ

- تیز HIV معائنہ کے منفی نتیجے کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ حاملہ عورت HIV سے متاثر نہیں ہے۔ تاہم، ہر شخص کو 'ونڈو مدت' سے واقف ہونا چاہئیے۔ جب کوئی شخص متاثر ہوتا ہے تو، ہوسکتا ہے کہ HIV جسم کش جراثیم کی پیداوار اتنی زیادہ نہ ہو کہ اسے دریافت کیا جاسکے، اور اس طرح ایک غلط منفی نتیجہ ظاہر ہوتا ہے، جو جسم میں امکانی جراثیم کی منتقلی کے وجود کا سبب بن جاتا ہے۔

- وہ حاملہ عورت جس کے خون کا نتیجہ منفی HIV ہے، اسے خود کو اور ریڑھی دار کو HIV کی منتقلی سے محفوظ رکھنے کے لئے احتیاطی تدابیر اختیار کرتے رہنا چاہئیے۔ اس میں محفوظ جنسی عمل مثلا کنڈوم کا استعمال اور منشیات کے استعمال کنندگان کے لئے سوئی کے اشتراک سے رکنا شامل ہیں۔

## تیز HIV مثبت (+ve) نتیجہ

- تیز HIV معائنہ کے مثبت نتیجہ کا مطلب یہ ہے کہ حاملہ عورت HIV بیماری میں مبتلا ہوسکتی ہے اور ہوسکتا ہے جسم HIV کی زد میں آچکا ہو۔

- تاہم، غلط مثبت نتیجہ بھی سامنے آسکتا ہے، اس لئے اگر ابتدائی معائنہ مثبت نتیجہ ظاہر کرتا ہے تو مزید تصدیق کے لئے خون کا نمونہ تجربہ گاہ میں بھیجا جائے گا۔

## تیز HIV معائنہ کا نتیجہ سختی کے ساتھ خفیہ رکھا جاتا ہے

## قبل از وقت دریافت – اس سے بچے کو کس طرح فائدہ پہنچتا ہے؟


- مطالعہ سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ قبل از وقت شناخت اور فوری اینٹی ریٹروائرل تھیراپی (ART) 50٪ تک ماں سے بچے میں HIV کی منتقلی کو کم کردیتے ہیں، اگر چہ یہ دردزہ کے دوران شروع ہوا ہو اور نوزائیدہ بچے کی پیدائش تک جاری رہا ہو۔

## تیز معائنہ کیا ہے اور اسے کس طرح انجام دیا جاتا ہے؟

- یہ معائنہ خون کے نمونے میں HIV جسم کش جراثیم دریافت کرتا ہے۔

- خون کا نمونہ فنگر اسٹک یا رگ میں سوراخ سے لیا جاتا ہے۔ خون کا ایک چھوٹا قطرہ آپ کی انگلی سے لیا جاتا ہے اور معائنہ کا نتیجہ 20 منٹ کے بعد پڑھا جاسکتا ہے۔


- تیز HIV معائنہ کا نتیجہ منفی (-ve) یا مثبت (+ve) ہوسکتا ہے۔



خون لینے کے لئے انگلی میں چھید



(خون کے ساتھ) پھندا کو معائنہ کی کٹ میں رکھیں




معائنہ کا نتیجہ

## حاملہ عورت کے لئے تیز HIV معائنہ کا مقصد

یہ بات اہمیت کی حامل ہے کہ حاملہ عورت کو وضع حمل سے پہلے اپنے HIV حالت کا پتہ ہونا چاہئیے۔ قبل از وقت دریافت سے بچے میں جراثیم کی منتقلی کے خطرے کو کم کرنے کے سلسلے میں اقدامات کرنے میں مدد ملے گی۔ ہانگ کانگ میں، قبل پیدائش کلینک میں تمام حاملہ عورتوں کی مسلسل HIV جانچ کی جاتی ہے۔ تاہم، مخصوص HIV معائنے کی کارروائی میں 1 ہفتے سے زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔
اس لئے، ہر اس عورت کے لئے، جو بچہ جننے والی ہے اور اسے اب تک اپنی HIV حالت کا پتہ نہیں ہے، تیز HIV معائنہ جس میں مشکل سے چند منٹ لگتے ہیں، فورا انجام دینا چاہئیے تاکہ بچے کی حفاظت کے لئے مناسب قدم اٹھایا جاسکے۔

**ہر شخص کو تیز HIV معائنہ سمجھنے سے پہلے AIDS، اس کے پہلو اور ممکنہ نتائج کے مطلب کو سمجھنا چاہئیے**

## AIDS – اکتساب کردہ قوت دفاع میں نقص کی علامت (Acquired Immune Deficiency Syndrome)

- AIDS (ایڈز) کا سبب انسانی دفاعی نقص کے جراثیم (Human Immunodeficiency Virus) بنتے ہیں، جسے مختصر طور پر HIV کہا جاتا ہے۔ جسم میں داخل ہونے کے بعد، جراثیم بڑھ جاتے ہیں اور حفاظتی نظام کو درہم برہم کردیتے ہیں۔ یہ بتدریج جسم کی قوت مدافعت کو کمزور کرتے ہیں، حفاظتی نظام کو موقع سے فائدہ اٹھانے والی بیماریوں یا غیر معمولی ٹیومر کو راستہ دینے کے لئے مجبور کرتے ہیں، اور نتیجتا موت کا سبب بن جاتے ہیں۔

- منتقلی کے ذرائع جنسی ہم بستری اور خون کا اتصال پر مشتمل ہوتے ہیں یا یہ یہ بیماری حمل، وضع حمل یا دودھ پلانے کے دوران متاثرہ ماں سے اس کے بچے میں منتقل ہوتی ہے۔ متاثرہ ماں سے اس کے بچے میں منتقلی کی شرح 15٪ سے 40٪ ہوتی ہے۔

- عام سماجی اتصال اور مچھر یا کیڑے کے کاٹنے سے HIV منتقل نہیں ہوسکتے ہیں۔